18واں اجلاس

| | |
|---|---|
| کل سوالات | 8 |
| جوابات موصول ہوئے | 8 |

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعرات 14 نومبر 2024

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ کھیل

بروز سوموار 9 ستمبر 2024 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التواء سوال

## جہلم: اے ڈی پی کے تحت پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے زیر انتظام شہری اور دیہی علاقوں میں سپورٹس سہولیات سے متعلق تفصیلات

*548: سید رفعت محمود: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع جہلم میں محکمہ سپورٹس نے سال 24-2023 تک ضلع بھر میں کھیلوں کے فروغ کے لئے ہر سال سالانہ ترقیاتی پروگرام (ADP) کے تحت پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PMU) کے زیر انتظام مختلف شہری اور دیہی علاقوں میں کون کون سی سپورٹس سہولیات دی گئی تفصیل بتائی جائے؟

(ب) کھیلوں کے لیے سالانہ کتنا فنڈ دیا جاتا ہیں اور وہ کہاں کہاں خرچ کیا جاتا ہیں۔

(ج) کیا کھیلوں کے فروغ کا سلسلہ جاری ہے یا ختم کر دیا گیا ہے تفصیل سے آگاہ کیا جائے۔

(تاریخ وصولی 26 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 30 مئی 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف ) ضلع جہلم میں محکمہ سپورٹس پنجاب نے نوجوان کھلاڑیوں میں کھیلوں کے فروغ اور کھیلوں کی تعمیر و ترقی کے لیے ضلع جہلم کی ہر تحصیل میں سپورٹس سہولیات قائم کی ہیں۔

1۔ جن میں تحصیل جہلم میں کثیر المقاصد سپورٹس جیمنیزیم جو محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے تحت سال 2006 کی سکیم تھی جس کے دائرہ کار کو بڑھایا گیا اور 2017 میں اس کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد محکمہ کھیل جہلم کے حکام کو ہینڈ اوور کر دیا گیا تھا۔ جس میں انڈور گیمز، بیڈ منٹن، کراٹے، ٹیبل ٹینس اور مرد و خواتین کے لیے فٹنس جمز موجود ہیں اور ضلع جہلم کے کھلاڑی و عام شہری ان سپورٹس سہولیات کو بہترین طریقے سے استعمال کر رہے ہیں۔

2۔ ضلع جہلم کی تحصیل دینہ میں محکمہ سپورٹس پنجاب کی سکیم کرکٹ گراونڈ چک اکا دینہ جو محکمہ سپورٹس کے زیر انتظام PMU نے سال 2021 میں اپ گریڈ کی جہاں روزانہ کی بنیاد پر کرکٹ ایسوسی ایشنز و دیگر کلبز و ادارے میچ منعقد کرواتے ہیں اور کرکٹ کی سہولیات سے مستفید ہو رہے ہیں۔

3۔ ضلع جہلم کی تحصیل سوہاوہ کی فٹ بال گراؤنڈ بھی سال 2006 کی C&W کی سکیم تھی جسے PMU کے زیر انتظام اپ گریڈیشن کے بعد 2022 میں محکمہ کھیل جہلم کے حکام کو ہینڈ اوور کر دی گئی تھی۔ جہاں محکمہ سپورٹس پنجاب نے نوجوان کھلاڑیوں میں کھیلوں کے فروغ کے سلسلہ میں منی فٹ بال سٹیڈیم قائم کیا ہے جس سے تحصیل سوہاوہ کے فٹ بال شائقین مستفید ہو رہے ہیں۔

4۔ ضلع جہلم کی ہر تحصیل میں محکمہ سپورٹس پنجاب نے سپورٹس کی تعمیر و ترقی اور فروغ کے لیے انفراسٹرکچر (سہولیات) قائم کی ہیں اسی طرح تحصیل پنڈ دادن خان میں بھی محکمہ سپورٹس پنجاب نے تحصیل سپورٹس کمپلیکس جو کہ محکمہ C&W کے زیر انتظام تعمیر کیا گیا جسے بعد ازاں PMU کے تحت اپ گریڈیشن کے بعد سال 2022 میں محکمہ کھیل جہلم کے حکام کے ہینڈ اوور کر دیا گیا تھا۔ جس میں انڈور گیمز میں بیڈ منٹن اور آؤٹ ڈور گیمز میں کرکٹ، فٹ بال اوپن جم موجود ہیں۔

5۔ تحصیل پنڈ دادن خان میں ہی تقریباً 6 تا 7 کلو میٹر کے فاصلے پر فٹ بال گراونڈ موجود ہے جو کہ محکمہ ایجوکیشن کی ملکیت ہے لیکن اس کا انتظام و انصرام محکمہ سپورٹس پنجاب کے زیر کنٹرول ہے۔

(ب) سال 24-2023 میں محکمہ سپورٹس پنجاب کی جانب سے ضلع جہلم میں کھیلوں کے لیے 4,49,966 روپے کا بجٹ جاری کیا گیا جو سال 24-2023 میں ہونے والے سپورٹس مقابلوں پر خرچ کیا گیا جس میں کھلاڑیوں کے لیے نقد انعامات، کھلاڑیوں اور آفیشلز کے لیے شیلڈز و ٹرافیز وغیرہ کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔

سپورٹس جیمنزیم جہلم میں ماہانہ آمدنی کا ذریعہ ممبر شپ فیس اور کھلاڑیوں کی ماہانہ فیس ہے تقریباً 65 ہزار روپے ہے جو سپورٹس بورڈ پنجاب کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق وصول کی جاتی ہے جنہیں

سپورٹس کمپلیکس جہلم کے بنک اکاؤنٹ میں جمع کروادیا جاتا ہے۔ جس کی ماہانہ تفصیلات سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا جاتا ہے سپورٹس کمپلیکس جہلم کے آمدنی سے ڈپٹی کمشنر جہلم کی اجازت کے بعد منی سپورٹس ایونٹس کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔

دوسرا آمدنی کا ذریعہ کرکٹ گراونڈ چک اکادینہ سے وصول ہونے والے گراونڈ بکنگ چارجز ہیں۔ جن سے کرکٹ گراونڈ چک اکادینہ کے دیگر مرمتی اور گراونڈ کی مرمت اور تیاری کے حوالے سے اس پر اٹھنے والے اخراجات کی ادائیگی کی جاتی ہے اور بجلی کے بلز بھی ادا کیے جاتے ہیں۔

محکمہ سپورٹس جہلم کے زیر انتظام فٹ بال سٹیڈیم سوہاوہ میں تین عدد دوکانیں موجود ہیں جو کبھی بھی رینٹ آوٹ نہیں ہوئیں، جن کی نیلامی کے لیے دستاویزی کام جاری ہے۔

(ج) ضلع جہلم میں کھیلوں کے فروغ کا سلسلہ لگاتار جاری ہے اور گزشتہ ماہ میں ضلع جہلم میں سمر سپورٹس گالا 2024 کا انعقاد کیا گیا جو 25 تا 28 مئی 2024 تک جاری رہا۔ جس میں کراٹے، بیڈ منٹن، فٹ بال، ہاکی اور کرکٹ ٹیپ بال فلڈ لائٹس ٹورنامنٹس کا انعقاد کیا گیا۔

مزید یہ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ جہلم، ضلع کونسل جہلم، میونسپل کمیٹی جہلم و دینہ کے مالی اشتراک سے جہلم سپورٹس فیسٹول کا انعقاد کیا جو کہ مورخہ 24 جون 2024 سے 29 جون 2024 تک جاری رہا۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

بروز سوموار 9 ستمبر 2024 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التواء سوال

رحیم یار خان: خان پور سپورٹس سٹیڈیم اور سرکاری گراونڈ اوران میں کھیلوں سے متعلق تفصیلات

*911: چوہدری محمد اعجاز شفیع: کیا وزیر کھیل از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) خان پور شہر میں (ضلع رحیم یار خان) میں کتنے سپورٹس منی سٹیڈیم اور کھیلوں کے سرکاری گراونڈز کہاں کہاں موجود ہیں جگہ، رقبہ اور دستیاب سہولیات کی تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(ب) تحصیل خان پور میں 2018 سے اب تک کھیلوں پر کتنی رقم خرچ ہوئی اور کھیلوں کے کون کون سے مقابلے منعقد کروائے گئے سال وائز تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(ج) اس شہر میں حکومت مزید کہاں کہاں کون کون سے کھیل کے لیے گراؤنڈز بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 17 مئی 2024 تاریخ ترسیل 27 جون 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) اس ضمن میں (i)۔ پروٹوٹائپ جیمنیزیم خانپور میونسپل کمیٹی روڈ All Indoor Games میل / فی میل موجود ہیں (رقبہ دو ایکڑ)

(ii)۔ 7 x 7 ہاکی، فٹ بال گراونڈ کرکٹ پریکٹس پچ، میونسپل پارک خانپور۔ (رقبہ تین ایکڑ چھ کنال)

(iii)۔ منی سپورٹس کمپلیکس ظاہر پیر تحصیل خانپور (رقبہ تین ایکڑ دو کنال)

سہولیات۔

پویلین، ملٹی پرپز، فٹ بال، کرکٹ، کبڈی گراونڈ، والی بال، اوپن بیڈ منٹن کورٹس، چلڈرن پلے ایریا، اوپن جم، جاگنگ ٹریک، فلڈ لائٹ، پبلک ٹوائلٹ

(ب) تحصیل خانپور میں 2018 سے اب تک کھیلوں کے تمام مقابلہ جات تحصیل میونسپل کمیٹی کے 2 فیصد سپورٹس فنڈ سے زیر سرپرستی ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے تعاون سے منعقد کروائے گئے۔ جس پر تقریباً 23 لاکھ 87 ہزار 5 سو روپے خرچ ہوئے۔

(ج)(i)۔ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ سال 25-2024 میں 120 ملین کی لاگت سے 71 کنال 1 مرلہ پر سپورٹس کمپلیکس خانپور میں تعمیر کر رہا ہے۔

سہولیات

جس میں پویلین، ہاکی فٹ بال، کرکٹ، ملٹی پرپز گراونڈز، جاگنگ ٹریک، فلڈ لائٹ، چلڈرن پلے ایریا، اوپن جم، باسکٹ بال، والی بال، بیڈ منٹن، اوپن کورٹس، پبلک ٹوائلٹ بلاک، سیٹنگ سٹیپس تعمیر کیے جانے ہیں۔

(ii)۔ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ نے 25-2024 میں Rehabilitation پروٹوٹائپ جیمنیزم تحصیل خانپور کے لیے 120 ملین مختص کئے ہیں۔ جس سے تحصیل خانپور کی عوام کو کھیلتا پنجاب کے ویژن کے تحت برابری کی سطح پر بہترین سپورٹس کی سہولیات مہیا کی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

بروز سوموار 9 ستمبر 2024 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التواء سوال

چکوال: تحصیل چو آسیدن شاہ میں پلے گراؤنڈ میں سہولیات سے متعلق تفصیلات

*1125: محترمہ مہوش سلطانہ: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) تحصیل چو آسیدن شاہ میں جو Play Ground بنایا گیا ہے اس کو مکمل Facilities کب تک دی جائیں گی؟

(ب) اس میں اب تک کون کون سی سہولیتں دی گئی ہیں اور کون سی بقایا ہیں وہ کب تک دی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی 4 جون 2024 تاریخ ترسیل 29 جولائی 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) اس پلے گراؤنڈ کو 2021 میں 38.579 ملین روپے کی لاگت سے مکمل طور پر فنکشنل کر دیا گیا ہے۔ کھلاڑی اور عوام الناس ان سہولیات سے مستفید ہو رہے ہیں۔

(ب) a)کرکٹ پویلین

b)کرکٹ گراؤنڈ

c)فٹ بال گراؤنڈ

d )باسکٹ بال کورٹ

e)کرکٹ آرٹیکلز

f)باونڈری وال اینڈ گیٹ

g)الیکٹرک کنیکشن

اس میں تمام سہولیات مہیا کر دی گئی ہیں اس میں مزید کوئی سہولیات بقایا نہیں ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

صوبہ بھر میں ای لائبریریز کے قیام اور اسامیوں سے متعلق تفصیلات

*692: جناب امجد علی جاوید: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت نے صوبہ بھر میں مزید ای لائبریریز کے قیام کا منصوبہ ترتیب دیا ہے؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہے تو اس منصوبہ پر کب عملدرآمد ہو گا اور اس میں کون کون سے شہر شامل ہیں؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ گزشتہ دور میں قائم کردہ ای لائبریریز میں رکھے گئے ملازمین کو بزدار حکومت میں ملازمت سے برخاست کر دیا گیا تھا؟

(د) کیا یہ بھی درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں مذکورہ بالا اسامیوں پر بھرتی کے لئے محکمہ خزانہ کی جانب سے ایس این ای جاری کر دی گئی تھی۔

(ہ) اگر جواب درست ہے تو کیا محکمہ ای لائبریریز کو حقیقی معنوں میں فنکشنل کرنے کے لئے ان اسامیوں پر بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 7 مئی 2024 تاریخ ترسیل 12 جون 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے سالانہ ترقیاتی پروگرام 25-2024 میں مزید نئی E-Library شامل نہیں ہے۔

(ب) سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے سالانہ ترقیاتی پروگرام 25-2024 میں مزید نئی E-Library شامل نہیں ہے۔

(ج) ابتدائی طور پر تمام ای لائبریز کو پی آئی ٹی بی (PITB) کے ذریعے فنکشنل کیا گیا تھا اور عارضی طور پر ایک مخصوص مدت کے لئے (PITB) کی طرف سے ملازمین رکھے گئے۔ پروجیکٹ کی مدت ختم ہونے پر رکھے گئے عارضی طور پر رکھے گئے ملازمین کو (PITB) کی طرف سے برخاست کر دیا گیا اور متعلقہ ڈسٹرکٹ سپورٹس افسران نے اپنے پاس موجود سٹاف کے ذریعے ای لائبریز کا چارج سنبھال لیا۔ مزید براں ای لائبریز کے لیے فنانس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے لائبریرین اور اسسٹنٹ لائبریرین اور متعلقہ سٹاف کی اسامیاں مہیا کر دی گئیں ہیں۔ جن پر بذریعہ پنجاب پبلک سروس کمیشن بھرتی کی گئی ہے۔

(د) جی ہاں یہ درست ہے کہ محکمہ خزانہ کی جانب سے ای لائبریز کے لیے ایس این ای جاری کی گئی تھی۔

(ہ) محکمہ خزانہ کی جانب سے جاری کردہ ایس این ای کے مطابق ان منظور شدہ سیٹوں پر بذریعہ پنجاب پبلک سروس کمیشن لائبریرین کی 04 اور اسسٹنٹ لائبریرین کی 20 سیٹوں پر بھرتی کے لیے ایڈورٹائز کیا گیا۔ تاہم صرف 3 لائبریرین اور 19 اسسٹنٹ لائبریرین کی سیٹوں پر بھرتی ہوئی۔ جبکہ Class-IV کی خالی اسامیوں کو محکمہ خزانہ کی جانب سے ختم کر دیا گیا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 5 ستمبر 2024)

ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سٹیڈیم اور گراؤنڈ سٹینڈرڈ یارڈ سٹک کے مطابق ملازمین کی شارٹ فال سے متعلق تفصیلات

*793: جناب امجد علی جاوید: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ہر تعمیر ہونے والے سٹیڈیم، منی سٹیڈیم اور کھیل کے گراؤنڈ کو چلانے کے لئے ملازمین کی ایک سٹینڈرڈ یارڈ سٹک ہے؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہے تو اس کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ج) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں محکمہ کی زیر نگرانی اور محکمہ کی جانب سے بنائے گئے گراونڈز میں عموماً اور پی پی 121 میں خصوصاً مذکورہ بالا یارڈ سٹک کے مطابق کتنے ملازمین کا شارٹ فال ہے کیا محکمہ اس کمی کو دور کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 13 مئی 2024 تاریخ ترسیل 21 جون 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) جی ہاں! یہ درست ہے کہ ہر تعمیر ہونے والے سٹیڈیم، منی سٹیڈیم اور کھیل کے گراونڈ کو چلانے کے لئے ملازمین کی ایک یارڈ سٹک موجود ہے۔

(ب)ہر تعمیر ہونے والے سٹیڈیم، منی سٹیڈیم اور کھیل کے گراونڈ کو چلانے کے لئے ملازمین کی ایک سٹینڈرڈیارڈسٹک موجود ہے۔ تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | نام | عہدہ | BS | تعداد |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈسٹرکٹ لیول سٹیڈیم | ایڈمنسٹریٹر | 16 | 01 |
| | | کیئر ٹیکر | 09 | 1 |
| | | جونیئر کلرک | 11 | 1 |
| | | الیکٹریشن | 05 | 1 |
| | | پلمبر | 05 | 2 |
| | | نائب قاصد | 01 | 2 |
| | | بیلدار | 01 | 6 |
| | | چوکیدار | 01 | 3 |
| | | سویپر | 01 | 2 |
| 2 | جیمنیزیم ہال | اسسٹنٹ | 16 | 1 |
| | | جونیئر کلرک | 11 | 1 |
| | | الیکٹریشن | 05 | 1 |
| | | پلمبر | 05 | 1 |
| | | نائب قاصد | 01 | 1 |
| | | چوکیدار | 01 | 3 |
| | | سویپر | 01 | 2 |

## (ج)ٹوبہ ٹیک سنگھ

| نمبر شمار | نام گراونڈ | نام ملازمین | عہدہ |
|---|---|---|---|
| 1 | ہاکی سٹیڈیم گوجرہ | محمد انور | چوکیدار |
| | | خالی | چوکیدار |
| | | نو بہار | بیلدار |
| | | خالی | بیلدار |
| | | خالی | سوئپر |
| | | **نوٹ:** مذکورہ بالا عہدوں کے علاوہ یونیفارم کرائیٹریا کے مطابق کسی بھی عہدے کی منظوری نہیں ہوئی۔ | |
| 2 | پلئیرز ہاسٹل گوجرہ | یونیفارم کرائیٹریا کے مطابق کسی بھی عہدے کی محکمہ فنانس سے منظوری نہیں ہوئی ہے۔ | |
| 3 | فٹ بال سٹیڈیم پیر محل | یونیفارم کرائیٹریا کے مطابق کسی بھی عہدے کی محکمہ فنانس سے منظوری نہیں ہوئی ہے۔ | |
| 4 | ہاکی سٹیڈیم پیر محل | یونیفارم کرائیٹریا کے مطابق کسی بھی عہدے کی محکمہ فنانس سے منظوری نہیں ہوئی ہے۔ | |
| 5 | سپورٹس کمپلیکس کمالیہ | یونیفارم کرائیٹریا کے مطابق کسی بھی عہدے کی محکمہ فنانس سے منظوری نہیں ہوئی ہے۔ | |

**PP-121**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6 | سپورٹس جیمنیزیم ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ | عتیق الرحمان | اسسٹنٹ |
| | | خالی | جونیئر کلرک |
| | | خالی | الیکٹریشن |
| | | خالی | پلمبر |
| | | رباب طاہر | نائب قاصد |
| | | محمد ذیشان ادریس | چوکیدار |
| | | محمد فراز | چوکیدار |
| | | محمد جواد رفیق | چوکیدار |
| | | مجاہد علی | سویپر |
| | | فیصل مختار | سویپر |
| 7 | سپورٹس سٹیڈیم ٹوبہ ٹیک سنگھ | یونیفارم کرائیٹریا کے مطابق کسی بھی عہدے کی محکمہ فنانس سے منظوری نہیں ہوئی ہے۔ | |
| 8 | فٹ بال سٹیڈیم ٹوبہ ٹیک سنگھ | یونیفارم کرائیٹریا کے مطابق کسی بھی عہدے کی محکمہ فنانس سے منظوری نہیں ہوئی ہے۔ | |
| 9 | ہاکی سٹیڈیم ٹوبہ ٹیک سنگھ | یونیفارم کرائیٹریا کے مطابق کسی بھی عہدے کی محکمہ فنانس سے منظوری نہیں ہوئی ہے۔ | |
| 10 | سپورٹس گراونڈ چک نمبر 345 گ ب | یونیفارم کرائیٹریا کے مطابق کسی بھی عہدے کی محکمہ فنانس سے منظوری نہیں ہوئی ہے۔ | |
| 11 | سپورٹس گراونڈ چک نمبر 341 گ ب | یونیفارم کرائیٹریا کے مطابق کسی بھی عہدے کی محکمہ فنانس سے منظوری نہیں ہوئی ہے۔ | |

| | | |
|---|---|---|
| 12 | سپورٹس گراونڈ چک نمبر 343 گ ب | یونیفارم کرائیٹریا کے مطابق کسی بھی عہدے کی محکمہ فنانس سے منظوری نہیں ہوئی ہے۔ |

مالی سال 24-2023 میں محکمہ ہذا نے ایس این ای محکمہ خزانہ کو ارسال کی تھی لیکن اس کی منظوری نہ ہوئی ہے مالی سال 25-2024 میں محکمہ خزانہ کو ایس این ای دوبارہ ارسال کر دی جائے گی۔

(تاریخ وصولی جواب 5 ستمبر 2024)

جھنگ: تحصیل احمد پور سیال میں سپورٹس کمپلیکس کی دیکھ بھال اور فنڈز سے متعلق تفصیلات

*948: جناب شہباز احمد: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع جھنگ تحصیل احمد پور سیال میں سپورٹس کمپلیکس پر اب تک کتنا فنڈ لگ چکا ہے اور محکمہ نے اب تک کیا کیا سامان مہیا کیا ہے تفصیل بتائیں؟

(ب) مذکورہ بالا سپورٹس کمپلیکس کی دیکھ بھال پر کتنا عملہ تعینات ہے اور ان کے ذمہ کیا کیا کام ہیں تفصیل سے بیان فرمائیں۔

(ج) گھاس کی کٹائی کتنے دن بعد ہوتی ہے اور کتنا عملہ تعینات کیا گیا ہے۔

(تاریخ وصولی 21 مئی 2024 تاریخ ترسیل 2 ستمبر 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) تحصیل سپورٹس کمپلیکس احمد پور سیال کی تعمیر 19 دسمبر 2019 کو شروع ہوئی اور 3 اکتوبر 2022 کو یہ سکیم سپورٹس ڈیپارٹمنٹ نے ٹیک اوور کر لی۔ تحصیل سپورٹس کمپلیکس احمد پور سیال ڈسٹرکٹ جھنگ کی تعمیر پر مجموعی طور پر 6 کروڑ 9 لاکھ 21 ہزار 76 روپے فنڈز لگ چکا ہے۔ محکمہ کی طرف سے مہیا کیا گیا سامان کرکٹ پویلین، فوڈ کورٹ، باسکٹ بال کورٹ، بیڈ منٹن کورٹ، والی بال کورٹ جوگنگ ٹریک وغیرہ کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)سپورٹس کمپلیکس کی دیکھ بھال پر 5 افراد پر مشتمل عملہ تعینات ہے۔ تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | نام | ولدیت | عہدہ | عارضی / مستقل | ڈیوٹی ٹائم | تاریخ تعیناتی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | محمد حبیب | عبدالعزیز | تحصیل سپورٹس آفیسر | اضافی چارج | انچارج | 01-11-2023 |
| 2 | لیاقت علی | حق نواز | چوکیدار | مستقل | 8 بجے صبح تا 8 بجے رات | 20-03-2024 |
| 3 | محمود الحسن | محمد رمضان | چوکیدار | عارضی | 8 بجے صبح تا 8 بجے رات | 01-07-2024 |
| 4 | عنصر عباس | منظر عباس | بیلدار | عارضی | 9 بجے صبح تا 4 بجے شام | 01-12-2024 |
| 5 | محمد اجمل | سلطان محمود | بیلدار | عارضی | 9 بجے صبح تا 4 بجے شام | 01-01-2024 |

سپورٹس کمپلیکس کی صفائی ستھرائی کرنا، بلڈنگز اور اس میں موجود تمام سامان کی دیکھ بھال اور حفاظت کرنا، گھاس کی کٹائی کرنا، کرکٹ پچ تیار کرنا، باتھ رومز کی صفائی کرنا، پودوں کی دیکھ بھال کرنا اور ان کو باقاعدگی سے پانی دینا۔ دفتری ریکارڈ کو محفوظ رکھنا، عوام الناس اور کھلاڑیوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنا، سپورٹس ایونٹس کو احسن طریقے سے منعقد کروانے میں مدد کرنا اور حکام بالا کی طرف سے موصول ہونے والی ہدایات پر عمل کرنا ان ملازمین کی ذمہ داریاں ہیں

(ج) گھاس کی کٹائی کے لیے کوئی مخصوص ٹائم مقرر نہ ہے۔ جب گھاس اتنا بڑا ہو جائے کہ کھلاڑیوں کو کھیلتے وقت مشکلات پیش آئیں تو فوراً گھاس کاٹ دی جاتی ہے۔ حالیہ بارشوں کا موسم ختم ہونے کے بعد گراونڈ کی گھاس کی کٹنگ کا عمل شروع کر دیا گیا ہے جو کہ دو سے تین دن میں مکمل ہو جائے گا۔

گھاس کی کٹائی پر 2 افراد پر مشتمل عملہ تعینات کیا گیا ہے، 2 عدد الیکٹرونک گھاس کٹر مشین سپورٹس کمپلیکس احمد پور سیال جھنگ میں موجود ہے۔ اس کے علاوہ اگر گھاس زیادہ بڑا ہو جائے تو پرائیویٹ ٹریکٹر کی مدد سے گھاس کی کٹنگ کی جاتی ہے۔ اس پر آنے والے اخراجات محکمہ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ جھنگ خود برداشت کرتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 نومبر 2024)

جھنگ: تحصیل احمد پور سیال میں محکمہ سپورٹس کے عملے اور عارضی وڈیلی ویجز ملازمین سے متعلق تفصیلات

*949: جناب شہباز احمد: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع جھنگ تحصیل احمد پور سیال میں محکمہ سپورٹس کا کتنا عملہ تعینات ہے اور وہ کیا کیا کام سر انجام دے رہے ہیں ہر ایک کی تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) کیا ضلع جھنگ میں محکمہ سپورٹس میں عارضی طور پر ڈیلی ویجز پر ملازم بھرتی کیے جاتے ہیں اگر جواب اثبات میں ہے تو ضلع جھنگ میں محکمہ سپورٹس نے کل کتنے ڈیلی ویجز پر ملازمین بھرتی کیے ہیں اور ان کی کیا کیا ذمہ داریاں ہیں۔

(تاریخ وصولی 21 مئی 2024 تاریخ ترسیل 2 ستمبر 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) تحصیل احمد پور سیال میں محکمہ سپورٹس کا 5 افراد پر مشتمل عملہ تعینات ہے اور درج ذیل کام سر انجام دے رہے ہیں:-

| نمبر شمار | نام | ولدیت | عہدہ | عارضی / مستقل | ڈیوٹی ٹائم | تاریخ تعیناتی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | محمد حبیب | عبد العزیز | تحصیل سپورٹس آفیسر | اضافی چارج ٹی ایس او مستقل | انچارج سپورٹس کمپلیکس | 01-11-2023 |
| 2 | لیاقت علی | حق نواز | چوکیدار | مستقل | 8 بجے صبح تا 8 بجے شام | 20-03-2024 |
| 3 | محمود الحسن | محمد رمضان | چوکیدار | عارضی | 8 بجے رات تا 8 بجے صبح | 01-07-2024 |
| 4 | عنصر عباس | منظر عباس | چوکیدار | عارضی | 9 بجے صبح تا 4 بجے شام | 01-12-2024 |
| 5 | محمد اجمل | سلطان محمود | چوکیدار | عارضی | 9 بجے صبح تا 4 بجے شام | 01-01-2024 |

مزید براں حالیہ مون سون بارشوں کے دوران ایک ماہ کے لئے عارضی طور پر عبد الرشید کو اضافی بیلدار تعینات کیا گیا۔ جس نے سپورٹس کمپلیکس میں موجود اضافی جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کیا گھاس کی کٹائی کے لئے مدد کی۔ تاکہ سپورٹس کمپلیکس کی خوبصورتی برقرار رہے۔

(ب) ضلع جھنگ میں محکمہ سپورٹس میں عرصہ دراز سے عارضی طور پر 63 افراد ڈیلی ویجز پر بھرتی کیے گئے ہیں۔ تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

گذشتہ 7 سال سے محکمہ نے مستقل ملازم بھرتی نہیں کئے۔ محکمہ سپورٹس پنجاب نے ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل ورک مین بنانے کا پروسیس مکمل کر لیا ہے۔ ان تمام ملازمین کی سکروٹنی کا عمل بھی مکمل ہو چکا ہے اور انکے تعلیمی سرٹیفیکیٹس کی تصدیق کا عمل بھی مکمل ہو چکا ہے۔ محکمہ سپورٹس پنجاب نے ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل ورک مین بنانے کی منظوری بھی دے دی ہے۔ ان تمام ملازمین کو ان کی تمام تنخواہیں محکمہ سپورٹس پنجاب نے ادا کر دی ہیں۔

سپورٹس ڈیپارٹمنٹ جھنگ کے کنٹرول میں 17 مختلف سپورٹس کمپلیکس اور 4 سوفٹ اینڈ گرین پلے گراونڈز موجود ہیں۔ ان تمام سپورٹس سہولیات کی صفائی وستھرائی کرنا، بلڈنگز اوراس میں موجود تمام سامان کی حفاظت کرنا، گراسی گراونڈز کی گھاس کی کٹائی کرنا اور اضافی جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کرنا، کرکٹ پچز تیار کرنا، فٹ بال گراونڈ تیار کرنا، درختوں اور پودوں کی دیکھ بھال کرنا اور ان کو باقاعدگی سے پانی دینا۔ باتھ رومز کی باقاعدگی سے صفائی کرنا، دفتری ریکارڈ کو محفوظ رکھنا، کھلاڑیوں اور عوام الناس کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنا، سپورٹس ایونٹس کو احسن طریقے سے منعقد کروانے میں مدد کرنا اور حکام بالا کی طرف سے موصول ہونے والی تمام ہدایات پر عمل کرنا ان ملازمین کی ذمہ داریاں ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 13 نومبر 2024)

فیصل آباد: ضلع بھر میں کھیلوں کے گراؤنڈز کی تعداد اور دیکھ بھال سے متعلق تفصیلات

*1800: محترمہ قدسیہ بتول: کیا وزیر کھیل ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع فیصل آباد میں ہاکی، کرکٹ، فٹ بال اور والی بال کے کتنے گراؤنڈز کس کس جگہ ہیں؟

(ب) اس ضلع میں ان کھیلوں کے کتنے رجسٹرڈ کلب ہیں۔

(ج) ان کھیلوں کے انعقاد پر کتنی رقم سال 23-2022، 24-2023، 25-2024 کے دوران خرچ ہوئی؟

(د) ان کھیلوں کی گراؤنڈز پر حکومت نے مذکورہ سالوں کے دوران کتنی رقم خرچ کی؟

(ہ) ان کھیلوں کی گراؤنڈز کی دیکھ بھال کے لئے کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں؟

(تاریخ وصولی 16 ستمبر 2024 تاریخ ترسیل 22 اکتوبر 2024)

جواب

وزیر کھیل

(الف) فیصل آباد میں ضلع بھر کے گراونڈز کی تفصیل درج ذیل ہے:

ضلع فیصل آباد میں محکمہ سپورٹس پنجاب کے زیر انتظام 5 کرکٹ سٹیڈیم / گراؤنڈز بنائے گئے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ بوہڑانوالی گراؤنڈ

2۔ کرکٹ گراؤنڈ سپورٹس سٹیڈیم فردوس کالونی جھنگ روڈ فیصل آباد۔

3۔ ملٹی پرپز سپورٹس سٹیڈیم 469 گ ب سمندری۔

4۔ کنال کرکٹ سٹیڈیم تاندلیانوالہ۔

5۔ تحصیل سپورٹس کمپلیکس چک جھمرہ۔

**ہاکی گراؤنڈز:**

1۔ ملٹی پرپز سپورٹس گراؤنڈ 263 رب ڈجکوٹ۔

2۔ ہاکی سٹیڈیم مدینہ ٹاؤن فیصل آباد۔

**فٹ بال گراؤنڈز**

1۔ فٹ بال گراؤنڈز سپورٹس سٹیڈیم فردوس کالونی جھنگ روڈ فیصل آباد۔

2۔ سپورٹس ایونیو فٹ بال گراؤنڈ۔

3۔ مدینہ فٹ بال گراؤنڈ مدینہ ٹاؤن فیصل آباد۔

4۔ ملٹی پرپز سپورٹس گراؤنڈ 263 رب ڈجکوٹ

5۔ ملٹی پرپز سپورٹس سٹیڈیم 469 گ ب سمندری۔

**والی بال گراؤنڈز**

1۔ کریسنٹ سپورٹس کمپلیکس شیخوپورہ روڈ فیصل آباد۔

2۔ سمن آباد سپورٹس کمپلیکس نزد مدنی چوک سمن آباد۔

3۔ الفتح سپورٹس کمپلیکس سلیمی چوک فیصل آباد۔

4۔ سپورٹس کمپلیکس ڈجکوٹ روڈ فیصل آباد۔

5۔ پروٹوٹائپ سپورٹس جیمنیزیم سمندری۔

6۔ پروٹوٹائپ سپورٹس جیمنیزیم جڑانوالہ۔

7۔ پروٹوٹائپ سپورٹس جیمنیزیم تاندلیانوالہ۔

8۔ پروٹوٹائپ سپورٹس جیمنیزیم چک جھمرہ۔

(ب)فیصل آباد میں سپورٹس ڈیپارٹمنٹ سے رجسٹرڈ کلبز کی کل تعداد 439 ہے۔

(ج)کھیلوں کے انعقاد پر سال 23-2022،24-2023،25-2024 کے دوران جو رقم خرچ تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | سال | رقم |
|---|---|---|
| 1 | 2022-23 | 206074 |
| 2 | 2023-24 | 491348 |
| 3 | 2024-25 | 43600 |

(د)کھیلوں کی گراونڈز پر حکومت پنجاب نے مذکورہ سالوں میں کوئی رقم خرچ نہیں کی ہے۔

(ہ)گراونڈز کی دیکھ بھال کے لیے کل 44 ملازمین کام کر رہے ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 13 نومبر 2024)

لاہور
مورخہ 13 نومبر 2024

چودھری عامر حبیب
سیکرٹری جنرل

# بروز جمعرات 14 نومبر 2024 کو محکمہ کھیل کے سوالات وجوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1 | سید رفعت محمود | 548 |
| 2 | چوہدری محمد اعجاز شفیع | 911 |
| 3 | محترمہ مہوش سلطانہ | 1125 |
| 4 | جناب امجد علی جاوید | 793-692 |
| 5 | جناب شہباز احمد | 949-948 |
| 6 | محترمہ قدسیہ بتول | 1800 |

18واں اجلاس
دلاؤنوٹس

زیر التواء توجہ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## توجہ دلاؤنوٹس(Call Attention Notice)

## بروز سوموار مورخہ 11 نومبر 2024 کے ایجنڈا سے زیر التواء توجہ دلاؤنوٹس

## بروز جمعرات مورخہ 14 نومبر 2024

لاہور تھانہ گلشن اقبال کی حدود میں لڑکی کو قتل کرنے اور رکشہ ڈرائیور کے زخمی ہونے سے **متعلق تفصیلات**

**164: محترمہ عظمیٰ کاردار، جناب آفتاب احمد خان:** کیاوزیر اعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گی کہ: -

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سٹی 42ٹی وی چینل اور اخبارات مورخہ 8 / 7 نومبر 2024 کی خبر کے مطابق لاہور تھانہ گلشن اقبال کی حدود کے چند فٹ پر لڑکی کو قتل کر دیا گیا جبکہ رکشہ ڈرائیور شدید زخمی ہو گیا۔

(ب) اگر اس واقعہ کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے تو قاتل کی گرفتاری کے حوالے سے اب تک کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے، مکمل تفتیش اور موجودہ صورتحال سے آگاہ فرمائیں۔

لاہور

چودھری عامر حبیب سیکرٹری جنرل

مورخہ 13 نومبر 2024

18واں اجلاس

موجودہ توجہ

دلاؤنوٹسز

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## توجہ دلاؤنوٹسز (Call Attention Notices)

## بروز جمعرات مورخہ 14 نومبر 2024

### لاہور تھانہ رائیونڈ کی حدود میں زمین کے تنازعہ پر خواتین اور بچوں سمیت 6 افراد کے زخمی ہونے سے متعلق تفصیلات

**169: جناب احمر بھٹی :** کیاوزیر اعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گی کہ: -

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ٹی وی چینلز سٹی 42 کی خبر مورخہ 9 نومبر 2024 کے مطابق رائیونڈ تھانہ کی حدود میں قصبہ بچو کی میں زمین کے تنازعہ پر خواتین اور بچوں سمیت 6 افراد شدید زخمی ہوگئے۔

(ب) کیا اس وقوعہ کا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے تو پولیس کی جانب سے کی گئی اب تک کی کارروائی سے آگاہ فرمایا جائے۔

### لاہور فیصل ٹاؤن یوسف آباد سکول میں سیکیورٹی گارڈ کی چھ سالہ بچی سے زیادتی سے متعلق تفصیلات

**170: جناب فیلبوس کرسٹوفر :** کیاوزیر اعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گی کہ: -

(الف) کیا یہ درست ہے کہ نیشنل نیوز مورخہ 31 اکتوبر 2024 کی خبر کے مطابق لاہور فیصل ٹاؤن یوسف آباد سکول میں سیکیورٹی گارڈ نے ساڑھے چھ سال کی مسیحی بچی سے زیادتی کی۔

(ب) کیا اس واقعہ کا مقدمہ درج ہوا ہے تو کس تھانہ میں اور کن کن دفعات کے تحت درج ہوا ہے نیز کیا پولیس نے ملزم کو گرفتار کرلیا ہے تو پولیس نے آج تک اس کے خلاف کیا کارروائی کی ہے مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

لاہور

چودھری عامر حبیب سیکرٹری جنرل

مورخہ 13 نومبر 2024